سوال

حدیث قدسی کسے کہتے ہیں ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حدیث قدسی کسے کہتے ھیں ۔ کیونکہ میں نے ایک دوسرے فورم پر ایک حدیث شئیر کی اور اس کا عنوان حدیث قدسی رکھا تو کچھ یوزرز نے کہا کہ یہ حدیث ءقدسی نہیں ہے ۔ براہ کرم فرق سمجھا کر طالب کے علم میں اضافہ فرماے ۔ ۔ ازراہِ کرم کتاب وسنت کی روشنی میں جواب دیں جزاکم اللہ خیرا

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حدیث قدسی وہ حدیث ہے کہ جس میں اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم جس کی نسبت اللہ عزوجل کی طرف کریں یعنی نبی ﷺ بیان کریں کہ اللہ تعالی نے یوں فرمایا ہے یا اللہ تعالی ایسے فرماتا ہے ۔ چنانچہ حدیث قدسی میں اللہ تعالی کے کلام کو جو قرآن کے علاوہ ہوتا ہے اپنے الفاظ میں بیان کرتے ہیں ۔ (مباحث فی علوم القرآن ص : 25)

وباللہ التوفیق

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ